رول نمبر: ______ ______

Objective
Paper Code
8028

FSD-2-24

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مصنفہ ہوائی جاتے ہوئے ٹوکیو میں ٹھہری: | 2 دن | 3 دن | 4 دن | 6 دن |
| 2 | اکبری نے سرمہ لیا: | ایک پیسے کا | ایک روپے کا | دو آنے کا | دو روپے کا |
| 3 | انسان کے پاس پیرزادے بن کر آئے: | خسرو آرام | احتیاج ِ علو و افلاس | تدبیر | محنت پسند |
| 4 | آلہ برقی [illegible] مورس نے ایجاد کیا: | ۱۸۳۸ء میں | ۱۸۳۹ء میں | ۱۸۴۰ء میں | ۱۸۴۱ء میں |
| 5 | یحییٰ بن منصور باپ تھا: | عبداللہ کا | حلاوہ کا | زبیر کا | ناظر کا |

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | علی نے چار سیبوں کو ______ ۔ | کھایا | کھائے | کھائیں | کھائی |
| 7 | ہجوم نعرے لگا ______ ۔ | رہے ہیں | رہے ہے | رہا ہے | رہی ہے |
| 8 | اس کا باپ، بھائی، دوست کوئی باقی نہ ______ ۔ | رہے | رہا | رہیں | رہی |
| 9 | اس دنیا کا خالق اللہ ______ ہے۔ | صرف | محض | ہی | تو |
| 10 | وہ کالج نہ جا سکا ______ وہ بیمار تھا۔ | کیونکہ | لہٰذا | چوں کہ | بلکہ |

رموزِ اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سوالیہ جملے کے لئے علامت ______ ہے۔ | ، | ۔ | ؟ | " " |
| 12 | مختصر ٹھہراؤ کی علامت ______ ہے۔ | ۔ | ؛ | ، | : |
| 13 | ختمہ کو ______ بھی کہتے ہیں۔ | وقف مطلق | وقف لازم | نصف وقف | وقف خفیف |
| 14 | مشہور ہے ______ اتفاق میں برکت ہے۔، میں علامت آئے گی: | ختمہ | سکتہ | رابطہ | فجائیہ |
| 15 | فرمان نبوی ﷺ ہے: نماز مومن کی معراج ہے' میں علامت آئے گی: | قوسین | واوین | سکتہ | ندائیہ |

امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | اٹھنا : | تم جلدی اٹھا کرو | وہ درد سے بلبلا اٹھا | دھواں اٹھ رہا ہے | محفل سے مت اٹھو |
| 17 | لگنا : | مجھے سردی لگتی ہے | تم میرے کچھ نہیں لگتے | میں پڑھنے لگا ہوں | اس کے ہاتھ خزانہ لگ گیا |
| 18 | آنا : | وہ ہار لے آیا | علی گھر واپس آ گیا | تم کراچی سے کب آئے | جلدی سے آؤ گھر چلیں |
| 19 | چکنا : | اس نے ادھار چکا دیا | وہ زخموں سے چکنا چور ہو گیا | میں کھا چکا ہوں | میرے ہاتھ چکنے ہیں |
| 20 | رہنا : | یہاں کون رہتا ہے | احمد لاہور میں رہتا ہے | اتنی دیر کہاں رہے ہو | وہ کھانا کھا رہا ہے |

[redacted]

ParhloPakistan.com

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

FSD-2-24

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

اجڑا سا وہ نگر کہ ہڑپا ہے جس کا نام　　اس قریۂ شکستہ و شہرِ خراب سے
عبرت کی اک چھٹانک برآمد نہ ہو سکی　　کلچر نکل پڑا ہے منوں کے حساب سے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ　　عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط　　تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا
کی مِرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ　　ہائے اس زُود پشیماں کا پشیماں ہونا

## (حصّہ دوئم)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) دو لونگیں، اس کے ساتھ دو ورق کی حکایتِ دلچسپ۔ مزاج دار دل وجان سے معتقد ہو گئیں۔ بجن تو لونگیں دے کر رخصت ہوئی، مزاج دار بہو نے غسل کر، کپڑے بدل، خوشبو لگا، ایک لونگ بسم اللہ کر کے اپنی چوٹی میں باندھی اور میاں کے پلنگ کی چادر اور تکیوں کے غلاف بدل ایک لونگ کسی تکیے میں رکھ دی۔ محمد عاقل جو گھر آیا، بی بی کو دیکھا صاف ستھری، پلنگ کی چادر بے کہے بدلی ہوئی۔ خوش ہوا اور التفات کے ساتھ باتیں کرنے لگا۔

(ب) ایوب سے محبت کر کے جیسے دل کو تسکین ہو جاتی تھی، ایک طرح کی پر افتخار اور اطمینان بخش تسکین۔ جیسے یہ احساس کہ ہم میں بھلائی کرنے یا بلند ہونے کا جذبہ یا استعداد ہے۔ ایوب سے محبت نہ کیجیے یا ان کی عزت نہ کیجیے تو یہ محسوس ہوتا کہ ہم میں شریفانہ جذبات یا احساس ذمے داری کی کمی ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) پہلی فتح (ii) ہوائی 01,09

5۔ جوش ملیح آبادی کی نظم "سراغ راہرو" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: 20

(i) عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی (ii) توانائی کا بحران اور اس کا حل (iii) والدین کا احترام

7۔ ایک پرانے کوٹ کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔ 10

[redacted]

ParhloPakistan.com